## ملک کے عوام نے مختلف سیاسی اور مذہبی جماعتوں کو بار بار آزمایا، اب ایک مرتبہ ایم کیوایم کو بھی آزمائیں۔الطاف حسین

## عوام نے تمام بڑی پارٹیوں کو بار بار ووٹ دیئے لیکن ملک کے حالات نہیں بدلے البتہ ان سیاسی جماعتوں اور انکے لیڈروں کے حالات ضرور بدل گئے۔ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے ایک اجلاس سے خطاب

لندن۔۔۔20دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان کے عوام سے اپیل کی ہے کہ انہوں نے مختلف سیاسی اور مذہبی جماعتوں کو بار بار آزمایا ہے جنھوں نے عوام کو بار بار مایوس کیا لہٰذا اب عوام ایک مرتبہ ایم کیوایم کو بھی آزمائیں اور 8 جنوری 2008ء کے عام انتخابات میں ایم کیوایم کے امیدواروں کو کامیاب بنائیں۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق،سینئرڈپٹی کنوینر طارق جاوید اور رابطہ کمیٹی کے دیگر ارکان نے شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور کوئی بھی ملک جو اندرونی اور بیرونی خطرات سے دوچار ہوا سے اکیلی فوج نہیں بچا سکتی بلکہ عوام ہی وہ طاقت ہوتے ہیں جو اگر ملک کو بحرانوں اور خطرات سے نکالنے کیلئے متحد ہوجائیں اور اچھے برے، کھرے کھوٹے کی پہچان کریں اور سوچ سمجھ کر صحیح فیصلے کریں تو ملک خطرات سے محفوظ رہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پر اللہ تعالی کی خصوصی کرم نوازی ہے کہ اللہ نے بہت سے خطرات سے پاکستان کو بچایا لیکن اللہ تعالی نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے کہ ''خدا اس قوم کی حالت نہیں بدلتا جو خود اپنی حالت بدلنا نہ چاہے''۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کو قائم ہوئے 60 برس گزر چکے ہیں اور آج پاکستان کے ہر ذی شعور پاکستانی کو اس بات کا تجزیہ کرنا چاہیے کہ اس نے ان 60 برسوں کے دوران کس کس پارٹی کو بار بار ووٹ دیئے اور جنہیں اس نے بار بار ووٹ دیئے ان سیاسی رہنماؤں اور جماعتوں نے ملک وقوم کی فلاح وبہبود کیلئے کیا عملی کام کئے؟ بے روزگاری،مہنگائی،غربت کے خاتمے اور تعلیم،صحت اور دیگر ضروریات زندگی کی فراہمی کیلئے کیا کیا؟ کس کس نے اپنے وعدے پورے کئے اور کس کس نے بار بار کے وعدوں کے باوجود ان کو پورا نہیں کیا؟ یقیناً ہر فرد اس نتیجے پر پہنچے گا کہ تمام بڑی پارٹیوں کو بار بار ووٹ دیئے گئے لیکن ملک کے حالات نہیں بدلے البتہ ان سیاسی جماعتوں اور انکے لیڈروں کے حالات ضرور بدل گئے۔جناب الطاف حسین نے پاکستان کے عوام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ آپ تمام بڑی جماعتوں کو بار بار آزما چکے ہیں لہٰذا ایک مرتبہ ایم کیوایم کو بھی ضرور آزمائیں اور 8 جنوری 2008ء کو ہونے والے انتخابات میں ملک بھر سے ایم کیوایم کے نامزد امیدواروں کو اپنے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور کامیاب بنانے کے بعد ایم کیوایم کے امیدواروں کی کارکردگی کا جائزہ لیں اور اگر ایم کیوایم کے نمائندے ملک کی ترقی اور عوام کی فلاح وبہبود کیلئے کام کرتے نظر آئیں تو انہیں دوبارہ موقع دیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ سے جنم لیا ہے،حق پرستی کی اس جدوجہد کو آج 30 برس گزر چکے ہیں اور اس دوران جن لوگوں نے ایم کیوایم کو منتخب کیا انہوں نے ایم کیوایم کی خدمات کا خود جائزہ لیا اور اس کی کارکردگی سے مطمئن ہونے پر 1987ء سے لیکر آج تک تمام انتخابات میں ایم کیوایم کو کامیاب بنایا اور اس پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جن پاکستانی بھائیوں نے ایم کیوایم کو نہیں آزمایا میں ان تمام پاکستانی بھائیوں سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ ایک بار ایم کیوایم کو بھی آزما کر دیکھیں اور ایم کیوایم کے امیدواروں کا میاب بنا کر انہیں عوام کی خدمت کا موقع دیں۔

## عوام عیدالاضحٰی کے موقع پر قربانی کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں تا کہ وہ زیادہ سے زیادہ انسانیت کی خدمت کرسکے۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔20دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ عیدالاضحٰی کے موقع پر قربانی کی کھالیں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں تا کہ وہ زیادہ سے زیادہ انسانیت کی خدمت کرسکے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن ایک ایسا فلاحی ادارہ ہے جو رنگ،نسل،زبان،علاقہ،فقہ،مسلک اور مذہب کے امتیاز سے بالاتر ہوکر انسانوں کی مدد کرتا ہے،ملک میں کہیں بھی قدرتی آفات ہوں یا سیلاب ہوں،طوفان ہو یا بارشیں یا حادثات،ہر موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن متاثرین کی بھرپور امداد کرتی ہے،8 اکتوبر 2005ء کو آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں آنے والے قیامت خیز زلزلے کے موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن نے جتنے بڑے پیمانے پر متاثرین کی امداد کی اس سے ملک بھر کے عوام اچھی طرح آگاہ ہیں۔اس کے علاوہ خدمت خلق فاؤنڈیشن نے جنوبی ایشیاء کے ممالک میں آنے والے سمندری طوفان سونامی اور ایران میں آنے والے زلزلے کے متاثرین کی بھی بھرپور امداد کی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کو کسی بھی وڈیرے،جاگیردار یا سرمایہ دار کی مدد حاصل نہیں ہے اور یہ عوام کے عطیات ہی سے اپنی فلاحی خدمات انجام دیتا ہے۔انہوں نے ملک

بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کو زیادہ سے زیادہ قربانی کی کھالیں دیں تاکہ وہ دکھی انسانیت کی مزید بہتر انداز میں خدمت کر سکے۔

## فرزندانِ اسلام عیدالاضحیٰ کے موقع پر غرباء، مساکین محتاجوں اور مستحقین کو فراموش نہ کریں، الطاف حسین

### پاکستان سمیت دنیا کے مسلمانوں کو مبارکباد عیدالاضحیٰ کی مبارکباد

لندن۔۔۔20، دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے فرزندانِ اسلام سے اپیل کی کہ وہ اس پرمسرت موقع پر غرباء، مساکین محتاجوں اور مستحقین کو فراموش نہ کریں اور سنتِ ابراہیم کی پیروی اس کی حقیقی روح کے مطابق کر کے ملک وملت کے اتحاد و یکجہتی اور یگانگت کیلئے کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت ابراہیمؑ نے اللہ تعالیٰ کے حکم پر حضرت اسماعیلؑ کو قربانی کیلئے پیش کیا جس کا مطلب یہ ہے کہ عیدالاضحیٰ ہمیں ایثار و قربانی کا درس دیتی ہے تاہم آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم عیدالاضحیٰ کے موقع پر دی جانے والی قربانی کے مقصد کی اصل روح کو سمجھیں اور غربت وافلاس میں مبتلا لوگوں کی زیادہ سے زیادہ امداد کریں اور انہیں عیدالاضحیٰ کی خوشیوں میں شریک رکھیں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے شہداء کے لواحقین، لاپتہ کارکنان کے اہل خانہ سمیت ایم کیوایم کے تمام ونگز وشعبہ جات کے علاوہ تمام کارکنان اور ملک بھر کے عوام کو عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمارے ملک کو تمام سازشوں سے محفوظ فرمائے اور ہم سب کو ملک وملت کیلئے نیک نیتی کے ساتھ کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

## قانون سازی کے ذریعے سماجی، معاشرتی اور معاشی ناانصافی کا خاتمہ کریں گے

### مختلف علاقوں میں عوامی اجتماعات اور دیگر انتخابی پروگراموں کے شرکاء سے نامزد حق پرست امیدواران کا خطابات

کراچی۔۔۔20، دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے قومی وصوبائی اسمبلی نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ نے ہمیشہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کے حصول اور ان کے بنیادی مسائل حل کرنے کی جدوجہد کی ہے۔ حق پرست امیدوار ایوانوں میں جا کر نہ صرف قانون سازی کے ذریعے سماجی، معاشرتی، مذہبی اور معاشی ناانصافی کا خاتمہ کریں گے بلکہ خواتین و مذہبی اقلیتوں کیخلاف بنائے جانے والے قوانین کیخلاف آواز بلند کریں گے ان مقاصد کے حصول کیلئے عوام متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب کرائیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے اپنے حلقہ انتخاب میں کارنر میٹنگوں، عوامی اجتماعات اور دیگر انتخابی پروگراموں میں عوام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ حق پرست امیدوار برائے NA-250 خوش بخت شجاعت اور حق پرست امیدوار PS-112 مقیم عالم، حق پرست امیدوار PS-113 عسکری تقوی نے، صدر، برنس روڈ اور ڈیفنس فیز 5، حق پرست امیدوار برائے NA-255 سید محمد آصف حسنین، حق پرست امیدوار برائے PS-122 خالد افتخار اور حق پرست امیدوار برائے PS-128 سردار خان اور حق پرست امیدوار برائے PS-124 علیم الرحمان نے کورنگی آئی بلاک میں اور حق پرست امیدوار برائے PS-129 گل محمد مینگل نے سی ون ایریا، 37 ڈی، 36 بی گراؤنڈ، شادی ہال، ڈسپنسری روڈ فیوچر کالونی کیتھولک چرچ اور مجید کالونی لانڈھی میں، حق پرست امیدوار برائے NA-256، اقبال محمد علی خان، حق پرست امیدوار PS-120 نشاط ضیاء نے شاہ فیصل کالونی نمبر 3، حق پرست امیدوار برائے PS-119 ڈاکٹر ندیم مقبول نے اولڈ اقبال آباد اور شاہ کالونی میں، حق پرست امیدوار برائے NA-253 حیدر عباس رضوی اور حق پرست امیدوار برائے PS-126 فیصل سبزواری نے اسکیم A-33 فہد اسکوائر چورنگی میں، حق پرست امیدوار برائے NA-242 ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ اور حق پرست امیدوار برائے PS-95 سید منظر امام نے رئیس امروہوی کالونی، مہاجر چوک علی نگر اور بینظیر کالونی اورنگی ٹاؤن میں، حق پرست امیدوار برائے NA-258 نثار شر، حق پرست امیدوار برائے PS-127 نثار پہنور اور حق پرست امیدوار برائے PS-97 محمد عادل خان نے دنبہ گوٹھ سپر ہائی وے، زرگر محلّہ مراد میمن، حاجی امام بخش بروہی گوٹھ جوکھیو محلّہ، سومار کنڈانی اور تیسر ٹاؤن میں، حق پرست امیدوار برائے NA-248 وصی اللہ لاکھو، حق پرست امیدوار برائے PS-108 حنیف چھتانی ایڈوکیٹ نے مرزا آدم خان روڈ لیاری میں، حق پرست امیدوار برائے NA-239 کے ایس مجاہد بلوچ اور حق پرست امیدوار برائے PS-89 شیخ محمد فیروز نے انٹیلی جنس کالونی کیماڑی میں حق پرست امیدوار برائے PS-90 اشفاق منگی نے سعید آباد قطبی چوک میں، حق پرست امیدوار NA-240، خواجہ سہیل منصور اور حق پرست امیدوار برائے PS-92، عبدالحسیب نے شیر شاہ بلاک ڈی محمد روڈ، جمشید خان کے ڈیرے میں اور حق پرست امیدوار برائے NA-240 خواجہ سہیل، اور حق پرست امیدوار برائے PS-91 حنیف شیخ نے عرب محلّہ بلدیہ میں، جبکہ رکن رابطہ کمیٹی سینیٹر بابر غوری، حق پرست امیدوار برائے NA-245، فرحت خان اور حق پرست امیدوار برائے PS-101 عبدالمعید، حق پرست امیدوار برائے PS-103 ڈاکٹر محمد علی شاہ نے نارتھ ناظم آباد بلاک آئی اور نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹ سوسائٹی کے زیر اہتمام

ہونے والے ایک بڑے عشائیہ میں شرکت کی ۔حق پرست امیدوار برائے NA-251 وسیم اختر اورحق پرست امیدوار برائے PS-115 رضاہارون بلتستانی محلّہ اے بی سینیا لائن لائنز ایریا ، پی ای سی ایچ ایس میں ،حق پرست امیدوار برائے NA-246 سفیان یوسف ،حق پرست امیدوار برائے PS-105 اورحق پرست امیدوار برائے PS-89 شیخ محمد فیروز نے موسیٰ کالونی فیڈرل بی ایریا میں اپنی انتخابی مہم جاری رکھی ،اس موقع پر مذکورہ حق پرست امیدواروں نے اپنے اپنے حلقوں میں درجنوں مقامات پر کارنر میٹنگیں منعقد کیں،عوام سے رابطے کیے انتخابی دفاتر کے افتتاح کیے اوراقلیتوں سمیت مختلف برادریوں سے ملاقاتیں کیں جہاں عوام کی بڑی تعداد نے آئندہ انتخابات میں اپنی بھرپورحمایت کا یقین دلایا۔

## ایم کیوایم رحیم یارخان کی ضلعی کمیٹی کے رکن اوروائس آف امریکہ کی سینئر پروڈیوسر سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی ۔۔۔20، دسمبر 2007ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم رحیم یارخان کی ضلعی کمیٹی کے رکن ڈاکٹر محمد سعید راؤ کی ہمشیرہ محترمہ ساجدہ ممتاز اوروائس آف امریکا کی سینئر پروڈیوسر محترمہ صفیہ کاظم کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے ۔

## پاکستان میں داؤدی بوہرہ کمیونٹی کے سربراہ شبیر بھائی صاحب نعمانی کی جانب سے انتخابات میں این اے 250 اور پی ایس 112 کے حق پرست امیدواروں کی حمایت کا وعدہ

کراچی ۔۔۔20، دسمبر 2007ء ۔۔۔ پاکستان میں داؤدی بوہرہ کمیونٹی کے سربراہ شبیر بھائی صاحب نعمانی نے آئندہ انتخابات کیلئے حق پرست امیدوار برائے قومی اسمبلی 250 محترمہ خوش بخت شجاعت اورحق پرست امیدوار برائے صوبائی اسمبلی پی ایس 112 مقیم عالم کی مکمل حمایت کرنے کا وعدہ کیا ہے ۔انہوں نے یہ وعدہ گزشتہ روز خوش بخت شجاعت اورمقیم عالم کی جانب سے طاہری مسجد صدر کے دورے کے موقع پر کیا ۔ مذکورہ حق پرست امیدواران مسجد پہنچے تو وہاں ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور خیر سگالی کے طور پر گلدستے پیش کئے گئے ۔

## ینگ ملک اتحاد کے چیئرمین محمد حنیف محمدی نے این اے 252 کیلئے نامزد حق پرست امیدوار عبدالرشید گوڈیل کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی ۔۔۔20، دسمبر 2007ء ۔۔۔چیئرمین ینگ ملک اتحاد محمد حنیف محمدی نے عام انتخابات میں این اے 252 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار عبدالرشید گوڈیل کی بھرپورحمایت کا اعلان کیا ہے اوراپنے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا ہے ۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز غوثیہ کالونی حق پرست نامزد امیدوار این اے 252 عبدالرشید گوڈیل کے انتخابی دورے کے موقع پر ایک ملاقات میں کیا۔اس موقع پر ینگ ملک اتحاد ویلفیئر کے جنرل سیکریٹری حاجی محمد ظریف اورسیکریٹری نشرواشاعت محمد مشتاق بھی موجود تھے ۔ملاقات میں ینگ ملک اتحاد کے چیئرمین محمد حنیف محمدی اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ عوامی جماعت ہے جس کا مقصد انسانیت کی بلاتفریق خدمت کرنا ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہم سندھ کی سطح پر عیدالاضحیٰ کے موقع پر جمع ہونے والی قربانی کی کھالیں بھی ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کریں گے تاکہ وہ غرباء ، مساکین، بیواؤں اور مستحقین کی امداد کا دائرہ کار وسیع سے وسیع تر بنا سکے ۔اس موقع پرحق پرست نامزد امیدوار برائے قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل نے ینگ ملک اتحاد کے چیئرمین محمد حنیف محمدی کے جذبات کو سراہا اور عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کرنے پر دلی تشکر کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم کے زیراہتمام 25 دسمبر کو ناظم آباد، کورنگی ، اورنگی ٹاؤن اور ملیر میں جلسہ عام منعقد کئے جائیں گے جلسہ عام سے الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی ۔۔۔20، دسمبر 2007ء ۔۔۔الیکشن 2008ء کے سلسلے میں ایم کیوایم کے زیراہتمام انتخابی جلسہ عام کا آغاز منگل سے کیا جارہا ہے ۔حق پرست امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی کی انتخابی مہم کے سلسلے میں ایم کیوایم کے جلسہ عام 25، دسمبر کو شام 4 بجے ناظم آباد میں انو بھائی پارک ،کورنگی میں کورنگی نمبر 5 گراؤنڈ ، اورنگی ٹاؤن نمبر 5 میں الحمراء گراؤنڈ ،ملیر میں محمد گراؤنڈ میں منعقد کئے جائیں گے جن سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے ۔

☆☆☆☆☆